جناب محمد فاروق و محمد ایوب صاحبان کو دُھرا صدمہ

جناب محمد ایوب صاحب حال مقیم کویت اور محمد فاروق صاحب (الفاروق ٹیلرز اقبال لائبریری روڈ جہلم) والوں کی والدہ محترمہ مورخہ یکم جولائی بروز جمعرات اچانک وفات پا گئیں۔ مرحومہ نہایت دیندار، اور صوم و صلوۃ کی پابندی کرنے والی خاتون تھیں۔ وہ جمعہ سے کافی پہلے مرکزی جامع مسجد چوک اہلحدیث میں پہنچ کر قرآن پاک کی تلاوت اور نفلی عبادت میں مشغول ہو جایا کرتی تھیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اعلیٰ علیین میں بلند مقام عطا فرمائے۔ آمین

ابھی وہ اس صدمے والی کیفیت میں ہی تھے کہ مورخہ ۱۲ جولائی بروز سوموار کو انکے بھائی محمد صدیق صاحب طویل علالت کے بعد اس دنیائے فانی سے کوچ کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ادارہ "حرمین" انکے اس دوھرے غم میں برابر کا شریک ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کے گناہوں کو معاف فرمائے اور جنت الفردوس میں انکا مقام بلند فرمائے اور ورثاء کو پے در پے صدمے برداشت کی توفیق دے۔ آمین۔

حاجی محمد بشیر صاحب زرگر کے لیے دعائے صحت کی اپیل

انجمن جامع مسجد اہلحدیث محلّہ مستریاں جہلم کے سرپرست جناب حاجی محمد بشیر صاحب کافی دنوں سے صاحب فراش ہیں۔ احبابِ جماعت سے انکے لیے صمیم قلب سے دعائے صحت کی اپیل ہے۔ (ادارہ)

کویتی سفیر الشیخ محمد احمد الجرن الرومی کے دورۂ جہلم کی اخباری رپورٹ

مشکل وقت میں پاکستان کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، کویتی سفیر

نواز شریف نے ایٹمی دھماکے کر کے نہ صرف پاکستان کو سربلند کیا بلکہ عالم اسلام کا سر فخر سے بلند کر دیا

عراقی جارحیت کے دوران پاکستان کی حمایت کو فراموش نہیں کر سکتے، جامعہ الاثریہ جہلم میں جلسہ سے خطاب

جہلم (نامہ نگار) پاکستان میں کویت کے سفیر شیخ محمد احمد الجرن الرومی نے کہا ہے کہ کویت اپنے پاکستانی بھائیوں اور حکومت کو کسی آڑے وقت میں تنہا نہیں چھوڑ سکتا۔ پاکستان کے عوام نے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 10 پر ملاحظہ فرمائیں

بقیہ: (16) کویتی سفیر

کویت کے خلاف عراقی جارحیت کے دوران جس طرح کویت کا ساتھ دیا ہے ہم اسے کبھی فراموش نہیں کر سکتے۔ شیخ محمد احمد جامعہ الاثریہ جہلم میں ایک جلسہ سے خطاب کر رہے تھے انہیں جامعہ کے دورہ کی دعوت رئیس جامعہ علامہ محمد مدنی نے دی تھی۔ جلسہ میں جامعہ کے طلبہ اور شہریوں کے علاوہ مولانا حمید عامر، مولانا محمد جمیل، سید ظفر علی شاہ، سید ثناء اللہ شاہ، راجہ اظہر گل ایڈووکیٹ، چودھری محمد امین، شیخ محمد اصغر ایڈووکیٹ، مولانا شمشاد سلفی اور شیخ منظور نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف نے ایٹمی دھماکے کر کے نہ صرف پاکستان کو سربلند کیا ہے بلکہ عالم اسلام کا سر بھی فخر سے بلند کر دیا ہے شیخ محمد احمد نے جامعہ الاثریہ کے شعبہ جات کا دورہ کیا اور جامعہ میں قرآن و حدیث اور عربی ادب کی ترویج اور خدمت کے ضمن میں کارکردگی کی تعریف کی۔